# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 24 August 2026**
**Time : 12:30 PM**

**Opening**

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں عارف حسین بٹ

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے نجی خلائی شعبے سے عالمی سطح پر جدت اور تحقیق کا ایسا ماحول پیدا کرنے پر زور دیا ہے کہ دنیا بھر کے افراد خلائی شعبے میں کیریئر کے لیے بھارت کا رخ کریں۔

نئی دہلی میں انہوں نے 20 خلائی اسٹارٹ اپس کے سی ای اوز اور بانیوں سے بات چیت کی۔ وزیر اعظم نے بھارت کی کم لاگت خلائی لانچنگ کی صلاحیت کو اجاگر کرتے ہوئے اسٹارٹ اپس سے مستقل محنت اور مضبوط خلائی ماحولیاتی نظام تشکیل دینے کی اپیل کی۔

قومی خلائی سائنس کے موقع پر انہوں نے چندریان **3** کی تاریخی کامیابی کو سراہا۔

----Byte-----

ایس جے شنکر

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج ماسکو میں بھارت۔ روس بین حکومتی کمیشن کے 27 ویں اجلاس کی مشترکہ صدارت کریں گے۔ اجلاس میں تجارت، معیشت، سائنس و ٹیکنالوجی اور ثقافتی تعاون پر تبادلہ خیال ہوگا۔ ڈاکٹر جے شنکر روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف سے بھی ملاقات کریں گے، جس میں علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال ہوگا۔

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ آج نئی دلی میں **9** ویں نیشنل سیکورٹی سٹریٹجیز کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں۔ یہ **2** روزہ کانفرنس ہائیبرڈ طریقے پر منعقد ہو رہی ہے اور اس دوران ملک کے مختلف سیکورٹی فورسز اور پولیس فورسز کے **850** سے زائد افسران قومی سلامتی کو درپیش دورِ جدید کے چیلنجوں اور معاملات پر تفصیلی تبادلۂ خیال کر رہے ہیں۔

ایل جی روہتک

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے طلبا پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے آپ کو صرف نصاب تک ہی محدود نہ کریں بلکہ مختلف شعبوں کے علوم حاصل کر کے اپنی نظریات کو وسعت دیں۔ نئی دلی میں کل آئی آئی ایم روہتک میں انٹیگریٹڈ پروگرام اِن منیجمنٹ کے آٹھویں اور انٹیگریٹڈ پروگرام اِن لاء کے چھٹے بیچ کی انڈکشن اور اورئینٹیشن پروگرام کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے طلباء سے تلقین کی کہ وہ قوم کی ترقی کو یقینی بنانے میں اپنا مثبت رول ادا کریں۔ لیفٹیننٹ گورنر نے آئی آئی ایم روہتک کی طرف سے طلباء کیلئے کئے گئے اختراعی اقدامات کی ستائش کی۔

----V/O----

منوج سنہا

اس سے پہلے ایل جی نے نئی دلی میں آئی آئی ٹی Alumni کونسل کی طرف سے منعقد کئے گئے ورلڈ وزڈم فورم سے خطاب کیا اور مختلف سیکٹروں میں بہترین کارکردگی دکھانے والوں کی عزت افزائی کی۔ ایل جی نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک کے ترقیاتی سفر کو اُجاگر کرتے ہوئے کہا کہ وکست بھارت نظریے کے آثار دکھائی دے رہے ہیں اور اس کی بنیاد پچھلے 12 برس کی حکمرانی کے دوران رکھی گئی۔ انہوں نے صنعت کاروں، پالیسی سازوں، تعلیم دانوں اور شہریوں پر زور دیا کہ وہ سال 2047 تک وکست بھارت کے خواب کو مکمل طور سے شرمندۂ تعبیر کرنے میں اپنا رول ادا کریں۔

## ارون جیٹلی خراج

وزیر داخلہ امت شاہ نے سابق مرکزی وزیر ارون جیٹلی کی برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے جیٹلی کو ماہر قانون، بہترین مقرر اور قابل منتظم قرار دیتے ہوئے ان کی خدمات کو یاد کیا۔ اِدھر لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی اُن کی برسی پر انہیں خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے انہیں ایک عظیم سٹیٹس مین معروف وکیل اور بہترین پارلیمینٹیرین قرار دیا، جنہوں نے اپنی ذہانت اور دانشمندی سے قوم کی خدمت میں کوئی بھی کسر باقی نہیں رکھی۔ ایل جی نے کہا کہ آنجہانی کے اصول اور اُن کا کام آنے والی نسلوں کو ترغیب دیتا رہے گا۔

## چیف جسٹس

جموں وکشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے قائم مقام چیف جسٹس اور جموں وکشمیر لیگل سروسز اتھارٹی کے ایگزیکٹو چیئرمین جسٹس سنجیو کمار نے کل ٹیٹوال کا دورہ کیا۔ انہوں نے وہاں قائم کیمپ کورٹ اور لیگل ایڈ کلینک کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر جوڈیشل مجسٹریٹ کرناہ منصور احمد میر نے قائم مقام چیف جسٹس کو کیمپ کورٹ کی کارکردگی، زیر التوا مقدمات اور اس سہولت سے مستفید ہونے والے علاقوں کے بارے میں بریفنگ دی۔

## ایچ وَن این وَن

انڈین کونسل آف میڈیکل ریسرچ نے واضح کیا ہے کہ H1N1 فلو کا کوئی نیا اسٹرین سامنے نہیں آیا، اسلئے گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ آئی سی ایم آر کے مطابق موجودہ فلو وائرس ویکسین کے تجویز کردہ اسٹرینز سے مطابقت رکھتے ہیں اور 2025 سے گردش میں ہیں۔ موسمی فلو عموماً خود بخود ٹھیک ہو جاتا ہے، تاہم بچوں، بزرگوں اور بیمار افراد کو زیادہ احتیاط کا مشورہ دیا گیا ہے۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ